2022 Ontario Voting Guide – Urdu

اونٹاریو کے صوبائی انتخابات میں ووٹ ڈالنے کے لیے تیار ہو جائیں!

اہلیت

اونٹاریو کے الیکشن میں ووٹ دینے کے لیے، آپ کو مندرجہ ذیل ہونا چاہیے:

- انتخابات کے دن 18 سال یا اس سے زیادہ عمر کے؛
- کینیڈا کا شہری؛ اور
- اونٹاریو کا رہائشی۔

اندراج

eregistration.elections.on.caپر 23 مئی تک اپنی معلومات کی تصدیق، اپ ڈیٹ کریں یا ووٹرز لسٹ میں شامل کریں۔

اگر آپ رجسٹرڈنہ بھی ہوںتب بھی ووٹ دے سکتے ہیں۔ جب آپ ووٹ ڈالنے جائیں تو شخصی طور پرموجود ہو کر (ان پرسن) اپنی معلومات شامل کریں۔

ووٹر انفارمیشن کارڈ

اگر آپ ووٹرز لسٹ میں ہیں، تو آپ کو ایک ووٹر انفارمیشن کارڈ بھیجا جائے گا جس میں یہ معلومات دی جائے گی کہ کب اور کہاں ووٹ ڈالنا ہے۔ ووٹر انفارمیشن کارڈز 13 مئی سے بھیجے جائیں گے۔


Voter Information Card
Carte d'information de l'électeur
Vote on Election Day — June 2, 2022, 9 AM to 9 PM (ET)
Vote on Election Day (FR) — 2 juin 2022, de 9 h à 21 h (HE)
Your voting location | Votre lieu de vote
*1234 NORTH WALSINGHAM - SOUTH
WALSINGHAM TOWNLINE RD
TORONTO ON M4P 0C6
Your electoral district | Votre circonscription électorale
LEEDS—GRENVILLE—THOUSAND ISLANDS
AND RIDEAU LAKES | LEEDS—GRENVILLE—
THOUSAND ISLANDS ET RIDEAU LAKES
Your registered address | Votre adresse inscrite
1234 NORTH WALSINGHAM - SOUTH
WALSINGHAM TOWNLINE RD
TORONTO ON M4P 0C5
Poll | Bureau de vote
#####
*Contact us about the accessibility of this location.
*Veuillez nous contacter pour toute question concernant l'accessibilité de ce lieu de vote.
Return address:
1234 NORTH
WALSINGHAM -
SOUTH WALSINGHAM
TOWNLINE RD
CITY ON E0E 0E0
CANADA POST POSTES CANADA
859-3956-20011-559312
JONATHAN SAMPLE
1234 NORTH WALSINGHAM
- SOUTH WALSINGHAM
TOWNLINE RD
TORONTO ON M4P 0C5

اگر آپ کو ووٹر انفارمیشن کارڈ نہیں ملتا ہے تو پھر بھی آپ ووٹ دے سکتے ہیں۔ ایک عدد ایسی آئی ڈی(ID)ساتھ لائیں جس میں آپ کا نام اور موجودہ رہائشی پتہ دونوں ظاہر ہوں۔

اپنے انتخابی ضلع (الیکٹورل دسٹرکٹ) میں تاریخوں اور ووٹنگ کے مقامات کی مکمل فہرست کے لیے elections.on.caپر جائیں یا الیکشنز اونٹاریو ایپ ڈاؤن لوڈ کریں۔

ووٹ ڈالنے کے لیے آئی ڈی

کیا آپ کے پاس ووٹر انفارمیشن کارڈ ہے؟

- ہاں — اپنا نام ظاہر کرنے والی ایک عددآئی ڈی(ID)ساتھ لائیں۔
- نہیں — ایک عدد ایسی آئی ڈی(ID)لائیں جس میں آپ کا نام اور پتہ دکھتا ہو۔

جب آپ ووٹ ڈالنے جاتے ہیں تو آپ اپنی آئی ڈی(ID)کی الیکٹرانک کاپی استعمال کر سکتے ہیں، جوچھپی ہوئی یا موبائل ڈیوائس پر دکھائی جاسکتی ہے۔

فوٹو آئی ڈی کی ضرورت نہیں ہے۔ جب آپ ووٹ دینے جاتے ہیں تو آپ کو اپنی جنس یا صنفی اظہار کے بارے میں کوئی معلومات فراہم کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔

قبول شدہ آئی ڈی(ID)کی مثالوں میں شامل ہیں:

- اونٹاریو کا ڈرائیورزلائسنس
- اونٹاریو فوٹو کارڈ
- کریڈٹ کارڈ کا اسٹیٹمنٹ
- یوٹیلیٹی بل
- رہائشی لیز
- طالب علم کی نقل (ٹرانسکرپٹ)

شخصی طور پر (ان پرسن) ووٹ دینے کے لیے منظور شدہ آئی ڈی (ID)کی فہرست elections.on.ca/id-requirementsپرتلاش کریں۔

آئیں ہمارے لیے کام کریں

اس الیکشن میں کام کرنے کے لیے درخواست جمع کریں !

اگر آپ کی عمر 16 سال یا اس سے زیادہ ہے، تو آپ پیشگی ووٹنگ کے دوران یا الیکشن کے دن بطور انتخابی اہلکار کام کرنے کے لیے درخواست دے سکتے ہیں۔ الیکشن میں کام کر کے، آپ سب کے لیے ووٹنگ کو آسان بنانے میں مدد کر رہے ہیں۔

تمام عہدوں کی ادائیگی کی جاتی ہے، اور عملے کو محفوظ رکھنے کے لیے صحت کے اضافی اقدامات کیے گئے ہیں۔ مزید معلومات کے لیے jobs.elections.on.ca ملاحظہ کریں۔

الیکشنس اونٹاریو ایپ

ہماری نئی موبائل ایپ کے ساتھ ذاتی نوعیت کی انتخابی معلومات حاصل کریں !

الیکشنز اونٹاریو ایپ ڈاؤن لوڈ کریں اورمندرجہ ذیل تک رسائی کے لیے ایک اکاؤنٹ بنائیں:

- آپ کے ووٹر انفارمیشن کارڈ کا اسکین کیے جانے کے لائق متن(اسکینیبل ورژن)
- آپ کے ووٹنگ کے مقامات اور تاریخوں کی مکمل فہرست
- اپنی ضرورت کے مطابق انتخابی اطلاعات
-

جلد ووٹ دیں

- ڈاک کے ذریعے
  - ووٹ ڈالنے کے لیے .votebymail.elections.on.caپر درخواست دیں یا elections.on.ca پر درخواست کا فارم ڈاؤن لوڈ اور پرنٹ کریں
  - الیکشن اونٹاریو کو27 مئی، شام 6 بجے (ایسٹرن ٹائم) تک آپ کی درخواست موصول ہونی چاہیے
  - الیکشن اونٹاریو کو گنتی کے لیے 2 جون،شام6 بجے (ایسٹرن ٹائم) تک آپ کی مکمل کی ہوئی ووٹنگ کٹ موصول ہونی چاہیے
  - بذریعہ ڈاک ووٹ دینے کے لیے آپ کوجس آئی ڈی (ID)کی ضرورت ہے وہ مختلف ہے۔elections.on.ca/id-requirementsپر مزید جانیں

- اپنے ریٹرننگ آفس میں

  - آپ کا ریٹرننگ آفس آپ کے انتخابی ضلع(الیکٹورل دسٹرکٹ) کا مقامی انتخابی دفتر ہے
  - 5مئی سے یکم جون شام 6 بجے(ایسٹرن ٹائم) تک اپنے ریٹرننگ آفس میں شخصی طور پر (ان پرسن) ووٹ دیں
  - اپنے ریٹرننگ آفس کو اپنے ووٹر انفارمیشن کارڈ پر یا voterinformationservice.elections.on.ca پر تلاش کریں
- پیشگی ووٹنگ کے دوران
  - اپنے انتخابی ضلع(الیکٹورل دسٹرکٹ) میں 19اور28 مئی کے درمیان صبح 10 بجے سے شام 8 بجے (ایسٹرن ٹائم) کے درمیان کسی بھی پیشگی ووٹنگ کے مقام پر ووٹ دیں
  - ووٹنگ کے مقامات اور تاریخوں کی مکمل فہرستvoterinformationservice.elections.on.caپر تلاش کریں

الیکشن کے دن ووٹ ڈالنا

- 2 جون کو صبح 9 بجے سے رات 9 بجے(ایسٹرن ٹائم)) تک اپنے تفویض کردہ ووٹنگ کے مقام پر ووٹ دیں
- اپنے ووٹر انفارمیشن کارڈ، الیکشنز اونٹاریو ایپ، یا voterinformationservice.elections.on.ca پر اپنا تفویض کردہ ووٹنگ کا مقام تلاش کریں

رسائی

یہاں کچھ قابل رسائی ٹولز اور خدمات ہیں جو آپ کے لیے دستیاب ہیں

آپ کے ریٹرننگ آفس پر:

- 21مئی سے یکم جون تک یا الیکشن کے دن اپائنٹمنٹ کے ذریعے معاون ووٹنگ ٹیکنالوجی کا استعمال کریں
- گھر کے دورے (ہوم وزٹ) کی درخواست کرنے یا اپنے ووٹنگ کے مقام پر قابل رسائی کربسائیڈ ووٹنگ کے لیے اپنے ریٹرننگ آفس کو کال کریں
- الیکشن کے دن سے پہلے ووٹنگ کے ایک ایسے مقام پر منتقلی کی درخواست کریں جو آپ کی رسائی کی ضروریات کو بہتر طریقے سے پورا کرتی ہو

آپ کے ووٹنگ کے مقام پر:

- ایک امریکی اشاراتی زبان کے مترجم یا مداخلت کار(انٹروینر) کو بک کروائیں اور ہم لاگت کو پورا کریں گے
- اپنے موبائل ڈیوائس کو رسائی کے آلے کے طور پر استعمال کریں
- ایک میگنیفائر یا بریل بیلٹ ٹیمپلیٹ کی درخواست کریں
- کسی دوست، معاون شخص یا خدمت گارجانور کو مدد کے لیے ساتھ لائیں
- elections.on.caپر 30 سے زیادہ زبانوں میں ووٹنگ کی ہدایات اور معلومات حاصل کریں

ووٹنگ کے تمام مقامات کو، جہاں ممکن ہو، الیکشنز اونٹاریو کی سائٹ تک رسائی کے معیارات پر پورا اترنا چاہیے۔

درخواست پر ووٹنگ کے بارے میں معلومات متبادل فارمیٹس میں دستیاب ہیں۔

آپ کے ووٹنگ کے مقام اور دیگر خدمات تک رسائی کے بارے میں مزید معلومات کے لیےelections.on.ca/accessible-votingملاحظہ کریں۔

کووڈ-19(COVID-19)

ہم ووٹرز اور اپنے عملے کے لیے ووٹنگ کو محفوظ رکھنے کے لیے چیف میڈیکل آفیسر آف ہیلتھ کے دفتر کے ساتھ کام کر رہے ہیں۔۔ کووڈ-19 سے متعلق صوبائی اقدامات کے علاوہ، پبلک ہیلتھ یونٹس اور میونسپلٹی اپنے علاقے کے لیے دیگرکووڈ-19صحت کے اقدامات ترتیب دے سکتی ہیں۔

جب آپ ووٹ ڈالنے جائیں گے، تو آپ دیکھیں گے کہ ہم نے اس وقت کی بہترین معلومات کی بنیاد پر اقدامات کیے ہیں — اس میں ماسک، جسمانی دوری، ہینڈ سینیٹائزر، اورپلیکسی گلاس سے بنی ہوئی رکاوٹیں شامل ہو سکتی ہیں۔

ہم سے رابطہ کریں

- ویب سائٹ: elections.on.ca
- فون:1.888.668.8683
- ٹی ٹی وائی(TTY) : 1.888.292.2312
- ای میل:info@elections.on.ca
- ٹویٹر: @ElectionsON
- فیس بک:ElectionsON
- انسٹاگرام: @electionson